پیش آتی ہے۔ اور افسانہ کو "نفسیاتی معمہ" بنا دینا کم از کم ہماری رائے میں افسانہ نویسی کا کوئی پسندیدہ کمال نہیں۔ "م"

بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لیے چند قاعدے مکتبۂ جامعہ دہلی نے بچوں کی تعلیم کے لیے جدید اصولوں کے مطابق چند حسب ذیل مفید قاعدے شائع کئے ہیں:۔

آسان قاعدہ۔ یہ قاعدہ بنیادی حرفہ کی مدد سے اور طریق الصوت کے ذریعہ زبان سکھانے کے اصولوں پر ترتیب دیا گیا ہے۔ قیمت ۳ر

حرفہ کا قاعدہ۔ یہ آسان قاعدہ کا دوسرا اڈیشن ہے جو کہانی کا طرز لیے ہوئے ہے۔ قیمت ۳ر

ہندوستانی قاعدہ۔ یہ قاعدہ صوبہ بمبئی کے لیے ہے۔ جس میں اسباق کے ساتھ، پڑھانے والے کے لیے مفید ہدایات بھی درج کردی گئی ہیں۔ قیمت ۴ر

مدرس کا قاعدہ نما صاجزادہ ڈاکٹر سعید الظفر صاحب نے بڑی عمر کے ان پڑھ لوگوں کی تعلیم کے سلسلہ میں تین ابتدائی قاعدے مرتب کیے تھے۔ "مدرس کا قاعدہ نما" انہی قاعدوں کے پڑھانے کے طریقوں پر مشتمل ہے۔ قیمت ۲ر

اُردو سکھانے کا آسان طریقہ یہ کتابچہ تعلیم بالغان سے متعلق ہے اور اسے صاجزادہ سعید الظفر خاں صاحب نے لکھا ہے جس میں انہوں نے بڑی عمر کے لوگوں کو پڑھانے لکھانے پر چند دلچسپ اور کامیاب تجربات بھی درج کیے ہیں۔ قیمت ۵ر

رہنمائے قاعدہ محمد عبد الغفار صاحب مدہولی اُستاذ مدرسہ ابتدائی جامعہ ملیہ دہلی نے بچوں کو پڑھانے کے لیے جو قاعدہ مرتب کیا ہے "رہنمائے قاعدہ" میں اُسے پڑھانے کے اصول سمجھائے ہیں۔ قیمت ۴ر

یہ سب قاعدے مکتبہ جامعہ دہلی کے شائع کردہ ہیں۔